اس رسالے کے نامعلوم مرتب نے شروع کے دو اوراق (چہار صفحات) میں مقدمہ لکھا ہے جس میں یہ درج ہے کہ یہ کتاب مرغوب القلوب، خواجہ شمس

تبریزی کا کہا ہوا ہے اور اس کی دس فصلیں ہیں۔ مزید یہ بھی بتایا ہے کہ سلوک کے موضوع پر یہ مختصر مگر جامع منظوم ہے۔

مقدمہ میں کہا ہے کہ

شریعت را مقدم دار اکنون　　طریقت از شریعت نیست بیرون
کسی کو در شریعت راسخ آید　　حقیقت راہ بروی خود کشاید

مصنف نے قرآن کی آیات اور احادیث نبوی کے حوالے سے مختلف موضوعات کی تشریح کی ہے۔

اس کتاب کا ایک اور نسخہ نمبر 1863-D پر محفوظ ہے (حوالہ: وضاحتی فہرست، جلد-٦)۔ اس کتاب کے اصل مصنف کے نام کے لئے دیکھئے اسی فہرست میں شرح مرغوب القلوب کا نسخہ (نمبر 2369)۔

نمبر : 2369

کتاب کا نام... :- **مُحبّ المطلوب شرح مرغوب القلوب**

مصنف .... :- (نور محمد ؟)-

مہر ومالک.. :- -

سائز........... :- 19.3x11　　سطور ... :- 13

اوراق .... :- 40　　کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- -　　خط .... :- نستعلیق

زبان .... :- فارسی　　موضوع :- تصوف

آغاز............ :- ...... زیرا کہ اندران عالم کہ موسوم بلا ہوت وموصوف بہ مقام قرب منزل بی نشانست ومستغنی از شرح وبیان، بغیر از رافت ورحمت حق بر بندہ وبندہ را انیس پے وحشت بحضرت او نباشد واین بموجب آنست کہ اندران مقام کہ آن بجز کون ومکان دیگر جہان ست

اختتام .... :- ..... بدان ای یار این کہ مرغوب القلوب ست نام، اکنون مراین دہ فصول دُر مکنون را کہ از اصول ابواب کتاب تصوف است ومحبّ المطلوب نام نیک فرجام این

شرح مکتوب انگاه بدان بلا اشتباہ.....

حالت .... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الآخر

نوٹ .... :۔ تصوف کے موضوع پر آسان فارسی زبان میں دلچسپ رسالہ ہے۔ اس رسالے میں: توبہ، روح، وضو، نماز، ترک دنیا، تجرید وتفرید اور معرفت وغیرہ موضوعات پر منحصر سات فصلیں شامل ہیں۔ ہر فصل میں شاعر نے ذیل میں درج شعر مختلف صورتوں میں دہرایا ہے۔

نور محمد بفضل چون دُر معنی بسفت
نثر معانی بنظم وصل بکرد و بگفت

فصل چہارم کے خاتمہ پر یہ شعر اس طرح ہے۔

نور محمد دُر ترک ز دنیا چو سفت
نثر عبارت بنظم زیب داد و بگفت

ورق 1-b پر فصل اوّل در بیان توبہ کے بیان میں مصنف کہتا ہے۔
واین مقام را توبہ از نخستین آن چهل و چهار مقامی است کہ فقیر آن را اندر کتاب مرصاد الطالبین بزبان شعر تقریر نمودہ تحریر فرمودہ است

اس عبارت سے مستنبط ہوتا ہے کہ موجودہ رسالہ کے مصنف کی ایک شعری تصنیف کا نام مرصاد الطالبین ہے۔ اس ناقص الآخر نسخہ کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ شارح نے اصل کتاب مرغوب القلوب کے مصنف کا نام شمس الدین حلوائی ورق 8-b پر درج کیا ہے۔

نمبر : 2370

کتاب کا نام.... :۔ **منارات السایرین الی اللہ ومقامات الطایرین باللہ**

مصنف .... :۔ ابوبکر عبداللہ بن محمد شاھاور الرازیؒ

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 25.2x16.4 سطور ... :۔ 23

اوراق .... :۔ 72 - ۲۵ سے ۴۶ تک اوراق غائب ہیں۔

تاریخ کتابت.. :- - خط ......:- نسخ

زبان .... :- عربی موضوع :- تصوف وسلوک

آغاز.............. :- الحمد لله المتوحد فی ذاته المنفرد فی صفاته المبدع فی مبدعائه المبدی فی مخترعاته الذی خلق ببدیع فطرته وصنیع حکمته

اختتام .... :- کما کان حال النبی صلی الله علیه وسلم کان خلقه القرآن والقرآن هو خلق الله وصفته فکما کان علی خلق الله کان علی خلق عظیم. کما قال. وانك لعلی خلق عظیم ومن علامة عظم خلقه انه صلی الله علیه وسلم کسرت رباعیته

حالت .... :- ناقص الآخر غیر مجلد

نوٹ .... :- یہ کتاب مشہور مصنف عبداللہ بن محمد رازیؒ کی تصنیف ہے۔ جو تصوف وسلوک کے بارے میں لکھی گئی ہے۔اس کتاب میں مصنف علیہ الرحمۃ نے مقامِ توحید مقامِ نبوت اور مقامِ ولایت جیسی اہم اور باریک چیزوں کو ثابت کر کے واضح کیا ہے نیز اس کے ماسوا تصوف کے بارے میں نہایت ہی عمدہ باتیں لکھی ہیں۔وللہ درُّ الکاتب۔

نمبر : 2371

کتاب کا نام... :- ترجمۂ دیباچۂ عربی مثنوی معنوی (دفتر چہارم)

مصنف .... :- مولانا عبداللطیف عباسی

مہر ومالک.. :- -

سائز.............. :- 19x13 سطور ... :- 11

اوراق .... :- 4 کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- - خط ...... :- نستعلیق

زبان .... :- فارسی موضوع :- تصوف

آغاز.............. :- ھمہ سپاس وستایش مر جناب مقدس ارشوایب نقص ومطرا بصفات کمال سزاوار حمد ودرود ورحمت خاص او بر بھترین آفرینش او کہ نام با احترامش محمد استؐ..... ظعن بسکون وحرکۃ یعنی سفر چہارم سفریست بسوی نیکوترین منزلھا و بزرگترین فایدھا....

اختتام .... :- ...... و درود و رحمت فرستد خدای تعالی بر محمدؐ و بر اولاد او کہ بزرگترند و برھمہ پیغبران و بر جمیع فرستادگان۔

ترقیمہ .... :- من لطائف المعنوی۔ تمام

حالت .... :- غیر مجلد

نوٹ .... :- مولانا عبداللطیف عباسی (متوفی ۱۰۳۸ھ/) نے مثنوی معنوی کی فارسی شرح کے ساتھ ہر چھ دفتروں کے عربی مقدّموں کے فارسی میں ترجمے اور تشریحیں بھی لکھی ہیں۔ موجودہ قلمی نسخہ دفتر چہارم کے عربی مقدمے کی فارسی شرح کے متن پر منحصر ہے۔

نمبر : 2372-A

کتاب کا نام... :- **رسالہ در منقبت حضرت مولانا رومیؒ**

مصنف .... :- ضیاء الدین بن ابی القاسم بن محمد حسن

مہر و مالک.. :- -

سائز............... :- 28.4x18 سطور ... :- 15

اوراق .... :- 1 سے 19 کاتب .... :- ضیاء الدین بن ابی القاسم بن محمد حسن

تاریخ کتابت.. :- صفر ۱۱۶۲ھ خط .... :- نستعلیق

زبان .... :- فارسی موضوع :- تصوف

آغاز.............. :- بسم اللہ ..... بہترین کلامی کہ ناطقہ رازیب ابدی دران متصور است حمد رحیمی است کہ مرآۃ قلوب عرفا را بہ صیقل معرفت مجلی نمود..... اما بعد می گوید بندہ مفتقر بحضرت ایزد صمد جل جلالہ ضیاء الدین بن ابی القاسم بن محمد کہ این گلدستہ ایست از گلشن فضائل و مناقب حضرت مولانا جلال الدین الرومی البلخی۔

اختتام .... :- گہ نشینم با ملک سر بہ پیش / گہ بگویم با خضر اسرار خویش
گہ شوم با قطب اعظم ھمنشین / گہ ز زرع غوث کردم خوشہ چین
چون بہ بندم رخت از دنیا نیاز / خواندم روح الامین بر ما نماز

ترقیمہ .... :- تمت بالخیر عمت فی صفر ختم بالخیر و الظفر ۱۱۶۲ھ

حالت .... :- مکمل، غیر مجلد، خستہ، اوراق ایک دوسرے کے ساتھ چسپاں ہیں۔ ورق ۱-ب مزیّن ہے۔

نوٹ .... :- یہ ایک نایاب نسخہ ہے۔ اس کے مصنف اور کاتب نے رسالہ کو مقدمہ، سات فصلوں اور ایک خاتمہ پر تقسیم کیا ہے جن کے مشمولات حسب ذیل ہیں :-

(۱) مقدمہ در بیانِ سبب تالیف

(۲) فصل اول در ذکر مناقب جد مکرم حضرت مولانا قدس سرھما

(۳) فصل دوم در ذکر شریف والد جلیلِ مولانا

(۴) فصل سیوم در مناقب سنیہ حضرت مولانا

(۵) فصل چہارم..... علیہ مولانا سلطان ولد بن حضرت مولا[نا] قدس سرہما

(۶) فصل پنجم..... علیہ حضرت مولانا شمس الدین تبریزی قدس سرہ

(۷) فصل ششم در احوال کریمۂ مولانا صلاح الدین زرکوب رحمۂ ربہ

(۸) فصل ھفتم در فضائل شریف چلپی حسام الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(۹) خاتمہ در تہنیت اختتام کتاب مثنوی

مقدمہ میں اہم مندرجات ہیں۔ مصنف تحریر کرتے ہیں کہ میرے استاد مولانا شیخ محمد رضا قدس سرہ (احمد آباد کے مشہور گُردی عالم مولانا احمد بن سلیمان کے پوتے) نے ۱۱۵۶ھ میں مثنوی معنوی (کی قرأت) شروع کی اور ہر بدھ (چہار شنبہ) کی صبح سے وقت ضحیٰ تک ہیبت پور کی مسجد میں تلاوت کرتے اور اس کتاب کے اسرار کو اس طرح کھولتے کہ خاص وعام میں سے ہر شخص اپنے اپنے حوصلہ کے مطابق اپنا حصہ حاصل کرتا تھا۔ میں بھی سُن کر اہم باتیں یاد کر لیتا اور ہر پنجشنبہ کو عشا کی نماز کے بعد حضرت استاد کی اجازت سے میرے دادا مولانا شیخ [محمد] حسن قدس اللہ سرہ کی مسجد (شیخ حسن کی مسجد کے لئے دیکھئے درج ذیل فائدہ) میں احبہ کے سامنے تلاوت کرتا تھا۔ اس طرح قریباً چار سال اور چھ ماہ یہ سلسلہ چلا۔ قضای الٰہی سے میرے استاد (محمد رضا) ۲۶ جمادی الآخر ۱۱۶۰ھ میں رحلت فرما گئے۔ اس کے بعد میرے استاد کے چچا مدظلہ العالی کے اشارہ پر میں نے ہر جمعہ کی صبح اس کی قرآۃ اپنے اوپر لازم کر لی۔ اللہ کے کرم سے ۲۳ صفر ۱۱۶۱ھ کو اس

کتاب جلیل (کی تلاوت) تمام ہوئی۔ اس پر یہ عزم کیا کہ حضرت مولانا صاحبِ مثنوی، جد بزرگوار، والد جلیل اور ان کے ولد عظیم اور بعض مریدوں کے حالات لکھوں۔

فصل ھفتم میں فیضی سے متعلق ایک حکایت میر نور اللہ کی مثنوی کے دفترِ سیوم کی شرح سے نقل کی ہے جس میں تفصیل سے بتایا ہے کہ فیضی نے ایران سے چند کتابیں منگوائی تھیں۔ ان میں ایک کلام پاک کا نسخہ اور ایک مثنوی معنوی کا نسخہ تھا۔ فیضی نے ان دونوں کی بے حرمتی کی۔ اس گستاخی کے نتیجہ میں وہ سخت بیمار ہوا اور اسی بیماری میں جاں بحق بھی ہوگیا۔


رسالہ کا خاتمہ منظوم ہے۔ اس میں مصنف نے مثنوی شریف کی جو قرأت ۱۱۶۱ھ میں مکمل ہوئی تھی اس باب میں تہنیتی اشعار کہے ہیں۔ ان بائیس اشعار میں مثنوی معنوی کی تعریف کی گئی ہے۔

الغرض یہ اہم رسالہ ہے۔ اس کی درستگی، جلد سازی اور حفاظت کی تدابیر کرنے کی سخت ضرورت ہے۔


فائدہ: احمد آباد شہر کے کالوپور علاقے میں شیخ حسن (شہید) کی پول (محلّہ) اور حسن شہید کی مسجد واقع ہے۔ اس مسجد کے صحن میں تین قبریں ہیں جن میں سے ایک شیخ حسن کی بتائی جاتی ہے۔ اسی محلّہ کے قریب والے محلّے میں جسے جونگ شاہ کی پول کہتے ہیں، ولی اللہ مسجد میں بھی ہر بدھ کے دن، آج سے قریب پچاس سال پہلے تک مثنوی معنوی کا درس دیا جاتا تھا۔

نمبر : 2372-B


کتاب کا نام...	:۔ رسالہ در باب ابیات ملحقہ مثنوی معنوی		
مصنف	:۔ ضیاء الدین بن ابی القاسم بن محمد حسن		
سائز..........	:۔ 28.4x18	سطور ...	:۔ 15
اوراق	:۔ 20 سے 24=5	کاتب ...	:۔ ضیاء الدین بن ابی القاسم
تاریخ کتابت..	:۔ ۱۱۶۱ھ	خط	:۔ نستعلیق



رسالہ درمناقب - مولانا جلال الدین رومی (ابتداء) No. 2372-A



رسالہ درمناقب - مولانا جلال الدین رومی (اختتام) No. 2372-A



No. 2366

حضرت شیخ احمد کھٹو کی منقبت میں قدیم اردو قطعہ



No. 2372-B

رسالہ در باب ابیات ملحقہ مثنوی معنوی

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ تصوف

آغاز............ :۔ بسم اللہ..... حمد بی پایان مر منعمی را کہ طالب صادق را بہ خلعت حصول مقصودش تشریف فرمود... امابعد فقیر حقیر ابوبکر ضیاء الدین بن ابوالقاسم بن محمد حسن...... می گوید کہ در خاطر ہموارہ می آمد کہ حضرت باری اسبابی بہم رساند کہ مثنوی معنوی را کہ در وابیات ملحقہ نباشد تمیق نمود

اختتام .... :۔ مثنوی نے، ہادی اسرار دین مثنوی نے، مہدی راہ یقین
چون نباشد ہادی ومہدی بنام کز ہدایت سرتاپا تمام
فیض بخشا ہم زفیض این کتاب بر من مسکین نما راہ صواب

ترقیمہ .... :۔ –

حالت .... :۔ ناقص الآخر۔ غیر مجلد۔ خستہ۔ اوراق ایک دوسرے سے چپکے ہوئے ہیں۔ ورق ۲۰-ب مزیّن اور مذھب ہے۔ ورق ۲۱-الف بین السطور تہذیب کاری کی ہوئی ہے۔

نوٹ .... :۔ یہ ایک بہت اہم رسالہ ہے۔ ورق ۲۰-الف کے بالائی گوشہ میں اہم عبارت ہے: ''رسالہ در بیان کیفیۂ نسخہ کہ این نسخہ ازان نقل نمودہ۔ بر ناظران این کتاب عالی شان لازمست کہ اول مطالعۂ این نمایند''۔ کاتب ضیاء الدین ابوبکر بن ابی القاسم کا مثنوی معنوی کا کتابت کردہ خوش خط نسخہ جو اس کتاب خانہ میں محفوظ ہے (نمبر 2229؛ وضاحتی فہرست، جلد ہشتم)، اس کے دفتر اول کے ترقیمہ میں عرض کیا ہے کہ ''یہ نسخہ ملحقات سے پاک ہے اور اس کی کیفیت شروع میں منظم کئے گئے رسالہ میں لکھی ہوئی ہے'' البتہ اس دفتر میں کوئی رسالہ منضم کیا ہوا نہیں ہے۔ قوی احتمال ہے کہ موجودہ رسالہ وہی ہے جس کا ذکر دفتر اول کے ترقیمہ میں کیا گیا تھا اور منضم ہونے سے رہ گیا تھا۔

ابتداء میں مصنف لکھتے ہیں کہ میرا ارادہ یہ تھا کہ مثنوی کا ایسا نسخہ تیار کروں جس میں ابیات ملحقہ نہ ہوں لیکن ۱۰۶۱ھ تک یہ کام نہ ہو سکا۔ البتہ ''مَن طلب شیئاً وجدَّ وَجَدَ'' جب کوئی کسی چیز کو طلب کرتا اور کوشش کرتا ہے تو پاتا ہے کہ مطابق اللہ تعالیٰ کے فضل سے مثنوی معنوی کا مجھے ایسا نسخہ میسر ہو گیا جو ابیات

ملحقہ سے پاک تھا۔ یہ نسخہ مولانا روم کے غلام مولانا عثمان بن عبداللہ کے خط میں لکھے ہوئے نسخہ کی نقل تھا۔ اس نقل کی پشت پر فارسی میں جو عبارت لکھی ہوئی تھی اس کا مفہوم یہ ہے کہ ''میں جب ۱۰۳٦ھ میں احمد آباد پہنچا تو اس وقت میر فخر الدین لنکری مکہ معظمہ سے احمد آباد آئے ہوئے تھے۔ ان کے پاس مولانا روم کے غلام کے خط میں نقل شدہ مثنوی کا نسخہ تھا جو انہوں نے مولانا روم کے بیٹے کے لئے تیار کیا تھا۔ انہوں نے سفر (دفتر) چہارم وششم میں تاریخ درج کی تھی۔ فقیر نے اس نسخہ سے مثنوی کو نقل کیا اور اول سے آخر تک مقابلہ بھی کیا۔ میں نے سفر چہارم کی تاریخ نقل کی تھی اور چاہتا تھا کہ سفر ششم کی تاریخ بھی لکھوں لیکن اس نسخہ کے مالک نے مجھ سے وہ لے لیا۔ اب وہ سفر چہارم کی تاریخ ہی کو کافی سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے: تمّ السفر الرابع من مرابع النور علی ید عبد الضعیف الراجی رحمة ربه اللطیف عثمان بن عبد الله عتیق مولانا ابن مولانا المعروف بولد مدّ الله ظله وبركتهٔ ابد الابد آمین یا رب العالمین فی آخر لیلة الجمعه ثلث وعشرین (۲۳) من شهر رمضان المبارك سنة عشر وسبعمائة (۷۱۰)۔

کاتب نے مثنوی معنوی کے دفتر چہارم کے آخری ورق نمبر 283 کے حاشیہ میں اس کا تذکرہ تبدیلی الفاظ کے ساتھ کیا ہے (ملاحظہ ہو نمبر 2232: وضاحتی فہرست، جلد ہشتم کا نوٹ)۔

کاتب مزید رقم طراز ہیں کہ میں نے مثنوی کے دیگر متداول نسخوں کے ساتھ مقابلہ کیا تو معلوم ہوا کہ ان میں بہت زیادہ الحاقی اور زائد ابیات ہیں اور تصرفات بھی کئے ہوئے ہیں۔

کاتب نے اہم معلومات بہم پہنچاتے ہوئے لکھا ہے کہ (مذکورۂ بالا) میر فخر الدین لنکری نے مثنوی کا اصل نسخہ مرحوم نواب مسیح الزماں کو پیش کیا تھا اور ایک ہزار روپے حاصل کئے تھے۔ یہی وہ نسخہ ہے جس میں کمی وزیادتی نہیں ہے۔ احمد آباد میں میر محمد ظاہر نے اسی نسخہ کا ایک اور نسخہ تیار کروایا تھا۔

کاتب کہتے ہیں کہ اس جد وجہد کے نتیجہ میں معتبر نسخہ تیار ہوا ہے جو ملحقات

اور تصرفات سے پاک ہے ورنہ مثنوی کی شرحوں میں بھی ملحقات پر تحقیق وتدقیق کرنا پڑی ہے۔ الحاق کرنے والوں نے اس قدر افراط کیا ہے کہ کسی شخص نے تو ساتواں دفتر بھی لکھ ڈالا جس کی نقل کاتب کے پاس بھی موجود ہے۔

کاتب نے ایک اور معتبر نسخہ کا ذکر کیا ہے جو غیاث الدین حمید الشیر ازی حسینی جعفری نے تیار کیا تھا جس میں مولانا جلال الدین نے اپنے بیٹے سلطان ولد کی خوب تعریف کی ہے۔ مزید لکھتے ہیں کہ سال رواں یعنی ۱۱۶۱ھ میں سورت بندر کے بعض فضلاء کے کتابخانہ میں اس کی نقل موجود ہے۔ پہلے وہ نسخہ خواجہ دانا کے کتاب خانہ میں بھی رہا تھا۔

نمبر : 2373

کتاب کا نام... :-	مکاشفات رضوی (شرح مثنوی معنوی) دفتر سیوم		
مصنف .... :-	محمد رضا ملتانی		
مہر ومالک.. :-	-		
سائز............. :-	23.5x14.5	سطور ... :-	19
اوراق .... :-	41	کاتب .... :-	-
تاریخ کتابت.. :-	-	خط .... :-	نستعلیق
زبان .... :-	فارسی	موضوع :-	تصوف

آغاز............ :- بسم اللہ الرحمن الرّحیم

متن : ای ضیاء الحق حسام الدین بیار۔ یعنی روی ارادۂ بیار کہ دفترِ سیوم منظوم شود۔ م (مصرع) ایں سیوم دفتر کہ سنت شد سہ بار..... اشارہ بقول مشہور است۔

اختتام .... :- یعنی قہر الٰہی چون گرد برانگیخت آن گرد وغبار راہ استعانت را مسدود کرد

ترقیمہ .... :- –

حالت .... :- ناقص الآخر۔ دفتر سیوم کے چند اوراق ہیں۔ اوراق سلائی میں سے جدا ہو چکے ہیں۔ کرم خوردہ ہے۔

نوٹ .... :- مکاشفات رضوی کا مکمل مجلد نسخہ اس کتاب خانہ میں نمبر 1300 پر محفوظ ہے۔ یہ

شرح طبع ہو چکی ہے۔ معمولی خط میں لکھا ہوا یہ نسخہ ہے۔ عبداللطیف کی شرح مثنوی سے ایک لفظ کے معنی کا ذکر ورق 34-a پر کیا گیا ہے۔

نمبر : 2374

کتاب کا نام... :۔ **فوائد الحیات مسمی بعنایت الجود از فضل موجود**

مصنف .... :۔ -

مہر و مالک.. :۔ -

سائز............... :۔ 24.5x13.6 سطور ... :۔ 13

اوراق .... :۔ 22 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ ۱۱۸۷ھ خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ فارسی اور گوجری اردو موضوع :۔ تصوف وسلوک

آغاز............. :۔ (۱) 1B - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شریعت پوست مغز آمد حقیقت۔ میان آن واین باشد طریقت، شریعت بعد ان باشد طریقت، جو بشکافی براید زان حقیقت

(۲) 15-A - مناجات خداوندا بتو کردم پناھی توئی حاجت رواؤ تکیہ کاھی، بغیر تو ندارم من دگر کس الا ھادست من در دامنت بس

اختتام .... :۔ (۱) 14-B - اکر تواند بر این دم قدم زند واین را کار بند د تا از فضل کریم کار ساز بندہ نواز شب محنت ز داید وشاھدِ لاریب رونماید وصبح امید براید وکل امید بہ براید امین یاربّ العالمین۔

(۲) 17-B - بحق احمد محمود مختار بشو حاجت روای من بہ یکبار، کنم پس حمد شکری تو او تحسین۔ تو کن از فضل خود امین امین۔

ترقیمہ .... :۔ (۱) کار بعیانت است باقی بھانہ تمام شد، تمام آن گہ شود کہ لقائی حقیقی تحقیق شود یا قریب یا مجیب یا فتاح پیش از جمعہ چھار دھم جمادی الآخر ۱۱۸۷

حالت .... :۔ غیر مجلد۔ مکمل۔ پہلا رسالہ خوبصورت خط میں ہے۔ سرخیاں جلی حرفوں اور روشنائی میں ہیں۔

نوٹ .... :۔ اصل رسالہ جس کا عنوان ورق ایک پر اس طرح درج ہے : نسخہ فوائد الحیات مسمی

بعنایت الجود از بفضل موجود در علم تصوف وسلوک۔ یہ کل ۱۴ اوراق پر مبنی ہے اور زبان فارسی ہے۔ اس میں کسب کے عنوان سے مختلف موضوعات مثلاً عبادت، غربت، ھمت کا تذکرہ کرنے کے ساتھ ان کے مخفی معنی بین السطور دئے گئے ہیں۔

ورق ۱۵ سے ۱۷ تک فارسی مناجات ہے۔ ورق ۱۸ اور ۱۹ پر اردو میں۔

آغاز (۳): 17-B - پیر مکان ملک شہر قلعہ بازار

اختتام (۳): 19-A - استاد کا سبق بھلا نور دور کر، کتاب نکوندھو۔ مسجد کون خراب کر۔

آغاز (۴): 20-A - ایخار وکل راز کرمت اب در جوی وای جزوکل راازنظرۃ رنک دررو ے، ای مثال عفوۃ عذر پذیر ھر بی عذری،

اختتام (۴): 22-B - رب قیوم مت کر مغموم اللہ حی مجی تیری کی تو ھر حال مجکون پال ھون کندا ہک تو بندا ھر دم سمہال ھے جنجالرکہ حال کرنھال ای بی نیاز مین

نوٹ: (گذشتہ سے پیوستہ) اصطلاح اور ان کے معنی درج ہیں۔ مثلاً: پیر = عقل؛ مکان = روح؛ گھر کو بنا = بدن کو خراب کر وغیرہ ورق ۲۰ سے ۲۲ الف تک فارسی میں بلاعنوان نثری تحریر ہے اور ۲۲-ب پر ھندی مناجات ہے جو ناقص ہے۔

نمبر : 2375

کتاب کا نام... :۔ **نامعلوم**

مصنف .... :۔ نامعلوم (عبدالفتاح؟)

مہر ومالک.. :۔ -

سائز............ :۔ 20x11.5 سطور ... :۔ 15

اوراق .... :۔ 52تا59=8 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط .... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ تصوف

آغاز............ :۔ ...... بلعم باعور را باین سگ دادند۔ و پوست این را کہ ناپاک بود بآن ملعون باعور دادند۔ پس بحقیقت آدمیت آدم آدمی است، نہ بصورت آدمی آدمی وبحقیقت آدمی۔

اختتام .... :۔ بہر تمثیل ترا می گویم و بہر اطمینان خاطر تو، از شک دور شوی و بی شک شدہ۔ بمحمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ......

ترقیمہ .... :۔ –

حالت .... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الطرفین

نوٹ .... :۔ ورق ۵۲-الف پر غالباً مصنف اپنے آپ کو "ای عبدالفتاح" کے نام سے پکارتا ہے۔

نمبر : 2376

کتاب کا نام... :۔ **نامعلوم**

مصنف .... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ –

سائز.......... :۔ 19x12.5 سطور ... :۔ 15

اوراق .... :۔ 22 کاتب ... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ...... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ تصوف

آغاز.......... :۔ ...... ظاہر شدہ است ونیست مراد بقولہ ولولانا اعیان انسان فقط بلکہ اعیان ہمہ عالمست۔ قولہ فَاِنَّا نَعۡبُدُ حَقًّا وَاَنَّ اللّٰہ مَوۡلَانَا زیراچہ بدرستی کہ مامی پرستیم حق را وبدرستی کہ حق صاحب ماست......

اختتام .... :۔ ...... وآن نکاح نظیر توجہ الٰہی است برکسی کہ آفریدہ است اورا بر صورت خود تا خلیفہ گرداند اورا پس می بیند در آن صورتِ خود را بلکہ ذات خود را پس تسویہ کرد اورا وبرابر کرد اورا......

ترقیمہ .... :۔ -

حالت .... :۔ غیر مجلد۔ ناقص الطرفین۔ خوبصورت خط۔ حاشیوں میں تفصیلی وضاحتی نوٹ لکھی ہوئی ہیں۔ کرم خوردہ۔

نوٹ .... :۔ سلوک کے موضوع پر قرآنی آیات کے ذریعہ مرتب کسی معیاری رسالے کے بچے ہوئے اوراق ہیں۔ متن میں جزو خامس، جزو سادس اور جزو سابع شامل ہے۔

نمبر : 2377

کتاب کا نام... :- **الجواھر القران ودرہ**

مصنف .... :- امام غزالی (ولادت: ۴۵۰ھ، وفات: ۵۰۵ھ)

مہر ومالک.. :- -

سائز............ :- 28x16.5 سطور ... :- 21

اوراق .... :- (۱۱تا۲۲=۱۲ + ۲۹تا۳۰=۲)=14

تاریخ کتابت.. :- - خط ...... :- نسخ

زبان .... :- عربی موضوع :- تصوف

آغاز............. :- ویحتاج الی کلیھما المصالح الدنیا اما الفقیه ملحفظا احکام الاختصاصات بالماکل ولمناکح واما المتکلم فلدفع ضرر المبتدعة والمحاجة والمجادلة.....

اختتام .... :- ..... جعلنا الله تعالیٰ وایاکم من السعداء بفضله وجوده وطوله وسعته رحمته انه الجواد الکریم الرؤف الرحیم وصلی الله تعالی علی سیدنا ومولانا محمد المصطفیٰ وعلی آله الطیبین الطاهرین وحسبنا الله تعالیٰ وحده وهو خیر معین ونصیر۔

ترقیمه .... :- تم الجواهر القرآن ودره، لامام حجة الاسلام امام غزالی رحمه الله تعالیٰ ونفعنا به وبعلومه واعاد علینا من برکاته، امین امین۔

حالت .... :- ناقص الاول۔ غیر مجلد۔

نوٹ .... :- امام غزالی کی مشہور تالیف ہے جس میں قرآنی الفاظ اور آیات کو تصوف کے رنگ میں سمجھایا گیا ہے۔

نمبر : 2378-A-B

کتاب کا نام... :- **تحفۃ المریدین وعمدۃ المحققین مع رسالہ علی کردی**

مصنف ...... :- تاج العارفین ابن زکریا بن سلطان العثمانی النقشبندی اور شیخ علی کردی

مہر ومالک.. :- سید سراج الدین بن سید میاں صاحب مرحوم

سائز.............. :- 18.7x13.7 سطور ... :- 23

اوراق .... :- 50 کاتب .... :- محمد سعید بن حاجی حسین القریشی

تاریخ کتابت.. :- ۲۷/ذی الحجہ ۱۰۸۳ھ سنیچر (مکہ مکرمہ) خط ...... :- نسخ

زبان .... :- عربی موضوع :- تصوف

آغاز.............. :- (۱) الحمد لله الذی تجلّی ذاته لذاته وابرز صفاته لظهور ذاته وخفی ذاته لشدة ظهوره وظهوره بطونه وبطونه ظهوره

(۲) الحمد لله وسلام علی عباده الذین اصطفی اما بعد فهذه رسالة نطقت بها روحانية العبد الموله صاحب القلب المدلهٔ العالم الربانی والعارف الصمدانی الشیخ علی الکردی

اختتام .... :- (۱) والصلوة والسلام علی رسوله محمد صلی الله علیه وسلم خیر البشر وعلی آله واصحابه اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین۔ قال المولف تمت الرسالة المسمی بحجة المریدین یوم الجمعة وقت الضحی الخامس من جمادی الثانی فی المدینة المبارکة بلدة الطائف مسکن سیدنا ومولانا عبد الله بن عباس رضی الله عنهما وقبره هناك والسلام علی جمیع اٰله واحبابه ومن یحبه

ان دونوں رسالوں کے مصنفین کی شناخت نہیں ہوسکی البتہ اتنا ضرور ہے کہ یہ اپنے موضوع پر اہم تخلیقات ہیں۔

پہلے رسالہ میں مصنف نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ چند عالم، فاضل اور مخلص دوستوں نے تصوف کے بارے میں جو سوالات پوچھے تھے ان کے جواب لکھے گئے ہیں۔اس کے عنوانات حسب ذیل ہیں:

۱) فصل فی البیعة والمصافحة

۲) فصل فی الخرقه

۳) فصل فی خانقه

٤) فصل فی خلوت والعزلت

٥) فصل فی معراج وروية الله

٦) فصل فی ذکر جهر وخفی

٧) فصل فی سماع النغمه

٨) فصل فی معرفت النفس

٩) فصل فی معرفت الروح

١٠) فصل فی معرفت القلب

١١) فصل فی معرفة انس

(٢) فاياك ان تنبه احدا من الخلق عليه بجبر القلوب المنكسرة ان لا يحترم صاحب مال لماله ولاصاحب جاه لجاهه والحمد لله رب العالمين وصلى الله على سيدنا محمد واله وصحبه اجمعين

ترقیمہ .... :۔ وكان الفراغ من تبييضها قبل صلاة الظهر من يوم الاحد الثامن والعشرين من جمادالثانى سنة تسعة وعشرين بعد الالف من هجرته صلى الله عليه وسلم۔ ٢٨ جمادى الثانى سنہ ١٠٢٩ھ

حالت .... :۔ مکمل مجلّد

نوٹ .... :۔ اس کتاب میں دو رسالے جمع ہیں ایک شیخ تاج العارفین ابن ذکریا بن سلطان عثمانی کی تالیف ہے اور دوسرا شیخ علی کردیؒ کی ہے، دونوں ہی رسالے تصوف کے موضوع پر ہیں۔ پہلے رسالہ کے خاتمہ پر ورق نمبر 42 کے حاشیہ میں یہ تحریر مکتوب ہے"وقد حصل الفراغ من المقابلة مع الاصل برفاقة المحب السعيد الكاتب يوم الجمعة بعد صلوتها الثالث من المحرم المكة المكرمة فى الرباط الداوديه سنہ ١٠٨٣ھ

نمبر : 2379

کتاب کا نام... :۔ **نامعلوم**

مصنف .... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 23.5x13.1 سطور ... :۔ 19

اوراق .... :۔ 90 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ پندونصائح

آغاز.............. :۔ الفکرة والاعتبار کونوا من هجوم الموت علی حذر، کونوا من قرناءِ السوء علی حذر، الله علیه وعلی آله واحکامه فی حرف الکاف بلفظ کن فی فی خطاب المفرد من ذلك قوله علیه الصلوة والسلام : کن سخیاتقیا

اختتام .... :۔ یقول الله تعالی جل جلاله یا دنیا تمردی وتکدری علی اولیائی لکی یحبوا لقائی وتحببی وتسهلی واحلولی لاعدائی لکی یکرهوا القائی. تمت الکتاب بعون الملك الوهاب.

ترقیمه .... :۔ –

حالت .... :۔ ناقص الاول غیر مجلد

نوٹ .... :۔ یہ کتاب پند ونصیحت کے باب میں لکھی گئی ہے اور حروف تہجی کی ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے مثلاً کن سخیا تقیا کن موقنا وفیا. لکل عمل صالح نور یوم القیمة وغیرہ البتہ موجودہ نسخہ حرف کاف سے شروع ہوتا ہے اور اس سے پہلے کے حروف کا حصہ غائب ہے۔

نمبر : 2380-A

کتاب کا نام... :۔ **جوامع الکلم فی المواعظ والحکم**

مصنف .... :۔ شیخ علی بن حسام الدین متقی

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 26.1x13.5 سطور ... :۔ 21

اوراق .... :۔ 173 - شروع کے دوورق غائب ہیں۔

تاریخ کتابت۔ :۔ -   خط ...... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی   موضوع :۔ پند ونصائح

آغاز.............. :۔ الغافل۔ قیل الحکیم غنی النفس بحکمته وان کان محتاجاً الی الناس فی قوام جسمه، قیل عبادة العلماء بالحکمة وهی روية الله فی کل شیء، قیل ان لکل کلمة غایتین نفعاً وضراً فان فصلت بینهما قبل القول فانت حکیم

اختتام .... :۔ وانا الفقیر علی المتقی الراجی من الله تعالی العطایا والهبات وهو الذی یقبل التوبة عن عباده ویعفو عن السیئات

ترقیمه .... :۔ —

حالت .... :۔ ناقص الاول غیر مجلّد۔ کرم خوردہ۔ واضح خط۔

نوٹ .... :۔ شیخ علی متقی کی معروف کتاب کا مکمل نسخہ۔ فہرست ابواب کے دو ابتدائی اوراق نہیں ہیں۔ کتاب کا آغاز باب فی الایمان والاسلام وما یتعلق بھما سے ہوتا ہے (ورق: 4-b) اور آخری باب میں المتفرقات (ورق-170) لکھنے کے بعد ۱۷۲ پر مناجات درج ہیں۔ اس کتاب کا ایک اور مکمل نسخہ اس کتاب خانے میں نمبر 2142 پر محفوظ ہے (وضاحتی فہرست: جلد-۷)

نمبر : 2380-B

کتاب کا نام... :۔ **جوامع الکلم فی المواعظ والحکم**

مصنف .... :۔ شیخ علی بن حسام الدین متقی (م ۹۷۵/ ۱۵۶۷)

مہر ومالک۔ :۔ محمد عماد الدین ۱۱۵۵

سائز............. :۔ 26x14   سطور ... :۔ 21

اوراق .... :۔ (3+2) 5   کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت۔ :۔ 2   خط ...... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی   موضوع :۔ مواعظ

آغاز.............. :۔ بسم الله الرحمن الرحیم، الحمد لله الذی نور قلوب العارفین

فاقتبسوا من لوامع کلامه وکلام رسوله عزر وجوه المعانی والاشارات

اختتام .... :- ..... من الحکمة الاعراض عن ثلثه سفاهة الجاهل وذلة العاقل وجهالة الغافل

ترقیمه .... :- –

حالت .... :- غیر مجلد۔ کرم خوردہ

نوٹ .... :- موجودہ نسخہ میں شروع کے تین ورق سادہ ہیں۔ ورق a-1 پر الجزء الاول من جوامع الکلم اوراس کے بعد مالکہ خاتمہ عربی لکھ کر بڑی اور مدور مھر ہے لیکن اسے مٹادی گئی ہے۔اب فقط الرضویے کے الفاظ پڑھے جاتے ہیں۔اس کے نیچے :تم انتقل الی۔ لکھنے کے بعد محمد عمادالدین ۱۱۵۵والی مھر اور وقف کا لفظ موجود ہے۔ شیخ علی متقی کی اس کتاب کامکمل نسخہ اسی کتاب خانہ میں نمبر 2142 پرمحفوظ ہے۔ (دیکھیئے فہرست : جلد-ہفتم)

نمبر : 2381

کتاب کا نام... :- **اخلاق ناصری**

مصنف .... :- خواجہ نصیرالدین طوسی (۶۰۷-۶۷۲ھ)

مہر ومالک.. :- -

سائز.............. :- 24x13 سطور ... :- 25

اوراق .... :- 79 کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- - خط .... :- نستعلیق

زبان .... :- فارسی موضوع :- پندونصیحت

آغاز............ :- ...... نسخہای بسیار ازان کتاب درمیان مردم منتشر گشت۔ بعد ازان چون لطف کردگار جلت اسماؤہ بواسطہ عنایت پادشاہ روزگار عمت معدلتہ این بندہ سپاس داررا ازان مقام نامحمود ومخرمی کرامت کرد، چنان یافت کہ جمعی از اعیان افاضل وارباب فضائل این کتاب رابشرف مطالعہ خودمشرف گردانیدہ بودند......

اختتام .... :۔ فصل چہارم۔ در سیاست ملک وآداب ملوک، چون از شرح اجتماعات اصناف در بایستی کہ بازاء ہر جمعیتی باشد فارغ شدیم، اولی آنکہ بشرح کیفیت معاشرات جزوی کہ میان خلق باشد مشغول شویم.......

ترقیمہ .... :۔ —

حالت .... :۔ ناقص الطرفین۔ بوسیدہ، کرم خوردہ، آب زدہ، غیر مجلد۔

نوٹ .... :۔ یہ کتاب کئی مرتبہ طبع ہو چکی ہے اور مدارس میں نیز یونورسٹیوں کے نصاب میں رہتی آئی ہے۔ فارسی نثر کی معیاری کتابوں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ خواجہ نصیر الدین ایران کے ابتدائی منگول عہد کے صف اول کے عالم تھے۔ آپ کے حالات اور تصنیفات کے بارے میں دیکھئے: تاریخ نظم ونثر در ایران ودر زبان فارسی تا پایان قرن دہم ہجری؛ سعید نفیسی؛ ص ص ۱۳۷-۱۳۹۔

موجودہ نسخہ باریک خوبصورت نستعلیق خط میں نقل ہوا ہے۔ اصل کتاب تین مقالوں پر مبنی ہے جن میں ابتدا میں سبب تالیف کتاب، مقدمہ اور آخر میں ختم کتاب کے حصے شامل ہیں۔ یہ نسخہ اول سے لے کر مقالہ سیوم کے فصل چہارم کے چند جملوں تک ہے۔

قلمی نسخہ میں بکثرت حواشی ہیں جن میں عربی اور فارسی کی مشکل عبارتوں کی وضاحت کی گئی ہے۔ یہ نسخہ ناقص الآخر ہونے کی وجہ سے تاریخ کتابت معلوم نہیں ہوتی لیکن کاغذ کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ انتہائی قدیم ہے۔

نمبر : 2382

کتاب کا نام... :۔ **بدایۃ الھدایۃ**

مصنف .... :۔ زین الدین ابوحامد محمد بن محمد بن محمد بن احمد الغزالی الطّوسی الشافعی

مہر ومالک.. :۔ عبدمحسن بن عبدالعلیم بن عبدالمالک

سائز........... :۔ 16.6x12.5 سطور ... :۔ 11

اوراق .... :۔ 92 کاتب .... :۔ محمد بن مبارک بن عقیل

تاریخ کتابت.. :۔ ۱۹رشوال ۱۲۸۴ھ خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ پندونصائح

آغاز............... :۔ الحمد لله حق حمده والصلوة والسلام على سيدنا محمد رسوله وعبده وعلى آله واصحابه من بعده

اختتام .... :۔ وصلّى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم والحمد لله رب العالمين أمين

ترقیمہ .... :۔ تم الكتاب بعون الملك الوهاب بتاريخ الثلوث وتسعة عشر من شهر شوال ١٢٨٤ بقلم العبد الفقير الى الله تعالى محمد بن مبارك بن عقيل عفى الله عنه ووالديه وجميع المسلمين برسم صاحب الكتاب الفقير الى الله عبد محسن بن عبد العليم بن عبد الملك بانافع عفى الله عنه ووالديه و المسلمين آمين

حالت .... :۔ مکمل غیر مجلد

نوٹ .... :۔ یہ کتاب بدایۃ الهدایۃ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے جس میں قیمتی نصیحتیں بیان کی گئی ہیں۔ اس کتاب کے قلمی نسخہ کا صرف ایک ورق اس کتاب خانہ میں نمبر 1842-B پر بھی محفوظ ہے (وضاحتی فہرست جلد-٦)۔ اس کتاب کے ختم کے بعد آخر میں مصنف علیہ الرحمہ نے اپنے شافعی مسلک اختیار کرنے کی وضاحت کی ہے اور شافعی مسلک کے فضائل بیان کئے ہیں۔

نمبر : 2383

کتاب کا نام... :۔ رونق المجالس

مصنف .... :۔ ابو حفص عمر بن الحسن النیشاپوری المعروف بالسمرقندی

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 23.6x13.5 سطور ... :۔ 19

اوراق .... :۔ 140 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ حکایاتِ پندونصائح

آغاز.............. :۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوۃ علی نبیہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ھذا کتاب جمعھا الشیخ الصالح العالم ابو حفص عمر بن الحسن النیشاپوری المعروف بالسمرقندی نور اللّٰہ قبرہ وبرد مضجعہ۔

اختتام .... :۔ فحلبت اللبن فی قدح وناولتھا فاخذ الکبیر لیشرب فقال الصغیر ھل سالتہ لمن ھذہ الغنم فقال لا قال ردّہ فلسنا ممّن یاکل ویشرب ولا یدری من این ذٰلک۔

ترقیمہ .... :۔ –

حالت .... :۔ ناقص الآخر۔ غیر مجلد۔

نوٹ .... :۔ یہ علامہ سمرقندی کی کتاب ہے۔ اس میں مصنف علیہ الرحمہ نے توحید، معجزاتِ نبوی، فضیلتِ صحابہ، معاملات مع الخلق، صدقہ اور قیام اللیل کی فضیلت جیسے عنوان پر نصیحت آمیز حکایتیں بیان کی ہیں، کتاب کی فہرست کے مطابق اس میں بائیس ابواب شامل ہیں اور ہر باب میں دس حکایتیں۔ موجودہ نسخہ جو ناقص الآخر ہونے کی وجہ سے آخر میں اکیسویں باب کی حکایت -۴ کا کچھ حصہ حکایت -۵، ۶، ۷ اور ۸ پر مشتمل ہے۔

نمبر : 2384

کتاب کا نام... :۔ **نصیحۃ الاخوان باجتناب الدخان (رسالہ در مذمت تنباکو)**

مصنف .... :۔ (جامع) شیخ الاسلام مولانا شیخ ابی محمد ابی عبد السلام برھان الدین

مہر ومالک.. :۔ عبد اللہ ولد مولانا محمد صدیق واعظ احمد آبادی

سائز............ :۔ 21x15 سطور ... :۔ 14

اوراق .... :۔ 13 کاتب .... :۔ –

تاریخ کتابت.. :۔ – خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ پندونصیحت

آغاز.............. :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد والہ

وصحبه وسلم الحمد لله واهب العقول وله المنة على فتحه لها بابی المعقول والمنقول والشکرله علی نهیه عن الرذایل وامره بالفضایل وزجره عن الفضول....

اختتام .... :- ..... ویقولون له لاتعد کریما الا اذاقدمته للقادمین و بذلته للواردین فانفق فیه من الدراهم لها بال فلما لم بیق بیده دراهم صاریا خذ ورق.....

ترقیمه .... :- –

حالت .... :- ناقص الآخر۔ اچھی حالت میں ہے۔

نوٹ .... :- سرورق عربی اور فارسی میں کتاب کا نام، جامع کا نام اور شاید مصنف کا نام "للشیخ محمد مکی مدظلہ العالے لکھا ہوا ہے۔ اس رسالہ میں مقدمہ، چند فصول اور خاتمہ ہے۔ ورق 10-b پر فصل گیارہ شروع ہو کر ورق 11-b پر ختم ہوتی ہے۔ اسی ورق پر خاتمہ کے عنوان سے طویل عبارت ہے جو آخر تک لکھی ہوئی ہے۔

ورق 6-a؛ 7-b اور 13-a پر حاشیوں میں اہم عبارات ہیں جن میں مفتی الاعظم محمد بن سعد الدین کے ۳۵ ھ کے فتوے کا ذکر ہے؛ اور متن میں ورق 13-a میں محمد بادشاہ الوزیر الاعظم کا ذکر بھی آیا ہے۔

غرض یہ اہم رسالہ ہے۔ اس کے مالک عبداللہ، مولانا محمد صدیق کے صاجزادے تھے۔ مولانا محمد صدیق کے رسائل کے لئے ملاحظہ فرمائیے: وضاحتی فہرست، جلد ششم؛ مخطوطہ نمبر 1984۔

نمبر : 2385

کتاب کا نام... :- پنج سورة

مصنف .... :- –

مہر ومالک.. :- –

سائز............ :- 20.5x16.4 سطور ... :- 11

اوراق .... :- 12 کاتب ... :- –

تاریخ کتابت۔ :۔ - خط ...... :۔ نسخ جلی

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ وظائف

آغاز.............. :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یٰسٓ ہ والقرآن الحکیم ہ انک لمن المرسلین ہ

اختتام .... :۔ قُلْ اَرَأَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَاءٍ مَّعِيْنٍ ہ

ترقیمہ .... :۔ الحمد للہ والمنت کہ پنج سورہ بتاریخ چہارم جمادی الاولی ۱۲۶۶ در مطبع مسیحائی بمحلہ ٹیکاپور من محلات کانپور باہتمام اضعف العباد مسیح الزماں ولد مولوی نور محمد طبع شد۔

حالت .... :۔ مجلّد مکمل

نوٹ .... :۔ اس پنج سورہ میں پانچ سورتیں مکتوب ہیں۔ (۱) یٰسٓ شریف (۲) سورۂ فتح (۳) سورہ النبا (عم یتساءلون) (۴) سورۃ الواقعہ (۵) سورۃ الملک (تبارک الذی) ان پانچوں سورتوں کے آغاز پر حاشیہ لگے ہوئے ہیں جس میں ظفر خلیل شرح حصن حصین کے حوالہ سے ان سورتوں کے فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ نیز بعض مقامات پر قراءِ سبعہ کے اختلافاتِ قرأت کی صورتیں بھی ذکر کی ہیں۔

کاتب نے یہ نسخہ پنج سورہ کے مطبوعہ نسخہ سے نقل کیا ہے جس کی وضاحت ترقیمہ میں کردی گئی ہے۔

نمبر : 2386

کتاب کا نام... :۔ **مولود نامہ (محمد کا نور) + وصال نامہ**

مصنف .... :۔ رحمت اللہ

مہر و مالک۔ :۔ -

سائز............ :۔ 21.5x13 سطور ... :۔ 11

اوراق .... :۔ 75+6=81 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت۔ :۔ ۲۱ جمادی الثانی ۱۳۱۰ھ

سال تصنیف :۔ ۱۲۵۲ھ خط ...... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ گوجری اردو موضوع :۔ ادب

آغاز............. :۔ یافتاح۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اول میں سو اللہ کا لیون اسم

کہ جو پاک ہے از مکان و جسم

اختتام .... :۔ یہ مولود کر رحمت اللہ تمام

ذکر میں سو مشغول رہ صبح و شام

تمت تمام شد

ترقیمہ .... :۔ تمام شد بتاریخ بیست یکم ماہ جمادی الثانی بروز شنبہ ۱۳۱۰ھ

حالت .... :۔ اچھی ہے لیکن اوراق الگ ہو چکے ہیں۔ جلد بندی کی ضرورت ہے۔

نوٹ .... :۔ شاعر رحمت اللہ نے احمد آباد اور گجرات کی تعریف میں اشعار کہے ہیں۔ دیکھئے: ورق 74-A-B ۔ خصوصاً احمد آباد کے مشہور علاقہ کھاریہ کا اور اس کی ایک مسجد کا ذکر قابل توجہ ہے جہاں قرآن وحدیث کا دور ہوا کرتا تھا (ورق 74-B)۔ اس مولود نامہ کے آخر میں وصال نامہ کے عنوان سے چھ اوراق کا منظومہ ہے جو بڑے خط میں لکھا ہوا ہے۔ رحمت اللہ کے مولود نامہ کے لئے دیکھئے؛ جلد ششم۔ نمبر 1958 کا نوٹ۔

نمبر : 2387

کتاب کا نام... :۔ خلاصۃ الاوراد

مصنف .... :۔ شہاب الدین بن حضرت شیخ محمد

مہر ومالک.. :۔ محمد خوب حاجی میاں پیٹی والا، سوئی گر کی پول، احمد آباد۔

سائز............ :۔ 19x11.5 سطور ... :۔ 13

اوراق .... :۔ 105 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ ۲۸ر ذی القعدہ ۱۲۰۲ھ خط ...... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ ادعیہ

آغاز............. :۔ بسم اللہ... الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی رسولہ محمد

وآلہ واصحابہ اجمعین۔ بدان سعادت مند بعض از اعمال واقوال پیغمبرؑ از نسخۂ فتوح آوردہ کہ تصنیف حقایق پناہ میان شیخ محمد بن قدوۃ المحققین ابوالبرکتہ یعنی حضرت شاہ عیسی، بندۂ حقیر شھاب الدین بن حضرت شیخ محمد مذکور انتخاب کردہ درین اوراق بیان نمودہ.....

اختتام .... :۔ ورق ۹۵-ب : ھر مریضی کہ این دعا سہ بار خواند البتہ صحت یابد۔ بسم اللہ۔ سبحان اللہ وبحمدہ..... کذافی سراج السالکین۔

ورق - ۹۹-ب : ..... اگر مسافر بمقیم وزن بہ مرد اقتدا گرداند تکبیر تشریق بر ایشان واجب شود۔ واللہ اعلم۔

ترقیمہ .... :۔ ورق ۹۵-ب : ..... تمام شد بعون اللہ تعالیٰ ۲۸/ذی القعدہ ۱۲۰۲ھ۔

حالت .... :۔ مکمل۔ مجلد۔ خوبصورت خط۔ عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے ہوئے ہیں۔

نوٹ .... :۔ آغاز کی عبارت کے مطابق مصنف نے اپنے والد حضرت شیخ محمد کی تصنیف ''نسخۂ فتوح سے رسول اللہؐ کے بعض اعمال اور اقوال کا انتخاب موجودہ نسخہ خلاصۃ الاوراد میں پیش کیا ہے۔ اس میں تمام طرح کی عبادات کے اوراد، ان کی سنتیں، رات دن کے تمام اعمال اوران کی سنتیں نیز اوراد، اور تمام قمری مہینوں کی فضیلتیں مع ان کے اعمال واوراد کے لکھی ہیں۔ زبان سادہ اور سلیس فارسی ہے۔

نمبر : 2388

کتاب کا نام... :۔ نامعلوم

مصنف .... :۔ نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.......... :۔ 24x16 سطور ... :۔ 21

اوراق .... :۔ 27 کاتب ... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ...... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی موضوع :۔ حزب

آغاز.......... :۔ فصول ثلاثة مرجعه لحكم التسله ووجهه وكيفيته ويشرع الآن

فی فصول المقدمة تفصیلاً فنقول الفصل الاول من المقدمة فی حقیقة الحزب فهی الورد المعمول به تعبداً ونحوه وهو فی الاصطلاح مجموع اذکار وادعیة وتوجهات

اختتام .... :- قد انتهی مایسر اللہ فی ھذه العجالة ولذوی الفضل والعلم العمل فی قبوله وتحقیقه باصوله واللہ فی عون العبد مادام العبد فی عون اخیه تم ذلك الحمد للہ علی ماهنالك وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآله وصحبه وسلم تسلیماً کثیراً ابداً

ترقیمه .... :- بلغ مقابله باصله المنقول منه وللہ الحمد ....

حالت .... :- اوراق کرم خوردہ اور بوسیدہ۔ صرف پہلا ورق نہیں ہے۔

نوٹ .... :- یہ رسالہ حزب کی تعریف اور اس کے اثبات کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

نمبر : 2389

کتاب کا نام... :- **نامعلوم**

مصنف ...... :- نامعلوم

مہر ومالک.. :- -

سائز.......... :- 19.5x11.6 سطور ... :- مختلف تعداد

اوراق .... :- 18 کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- - خط ...... :- نسخ

زبان .... :- عربی وفارسی موضوع :- دعائیں

آغاز.......... :- وردشب براءۃ از بی بی رابعہ

پانصد بار درود یازدہ دوگانہ، در دگانہ اول سورۃ یٰس وانا فتحنا، در دگانہ دوم سورۃ رحمٰن وسورۃ واقعہ...... باقی نہ دوکانہ ھفت بار اذا جاء۔ پانصد بار درود، صد باریا لطیف، صد باریا قادر،

اختتام .... :- عدد ابیات حاشیہ عبدالحکیم بر مطول وبرسیدی ھژدہ ھزار وسہ صد وسی پنج است باعتبار شمار بیان شفیع..... مخدوم وباعتبار شمار کتاب ملا صادق قائم بیست ھزار وپنج صد است۔

ترقیمہ .... :۔ -

حالت .... :۔ کاغذ کی پٹیاں چپکا کر بوسیدہ اوراق کو درست کیا گیا ہے۔

نوٹ .... :۔ مختلف نوع کی دعائیں مختلف مآخذ سے نکالی گئی ہیں۔ درمیان میں عربی - فارسی اشعار بھی نقل کئے گئے ہیں۔

اس میں فتح الباری شرح بخاری؛ تنویر الابصار، قاضی خان، ابن حجر، مجموعۂ الغرائب، فتاویٰ عالمگیری، منتخب کنز العمال جیسی مشہور کتابوں سے اقتباسات مندرج ہیں۔

ایک فارسی رباعی حسب ذیل ہے۔

جانا بیا کہ حسن جوانی مدام نیست
دائم شراب عشق کسی رادوام نیست
یکروز جوانی بجهان تا بشام نیست
محبوب در کنار کسی را مدام نیست

نمبر : 2390

کتاب کا نام... :۔ **شرح گلستان سعدی**

مصنف .... :۔ شارح: نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.......... :۔ 22.5x13.5 سطور ... :۔ 15

اوراق .... :۔ 20 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت :۔ - خط ...... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ ادب

آغاز.......... :۔ مراد پوست رسمی متعارنست دادیم اگر چہ مطلق پوست را گویند اما مراد ادیم طائفی است....

اختتام .... :۔ ..... قوت شوقیہ را قوی گرداند وموکشان سجادۂ استفادہ رساند اعلی اللہ بسحانہ المقالات الموصلۃ الی درجاتہم وافاض علینا من برکاتہم

ترقیمہ .... :۔ –

حالت .... :۔ ناقص الطرفین۔ تین رنگوں میں جدول بنی ہوئی ہے اور خوبصورت باریک خط لکھا ہوا قلمی نسخہ ہے۔ شارح کے نام کا پتہ نہیں چلتا۔ کرم خوردہ۔

نوٹ .... :۔ گلستانِ سعدی کی مختصر شرح ہے۔ باب ہفتم، در تاثیر تربیت کے عنوان سے لکھی ہوئی حکایات میں سے پادشاھی پسری را، والی حکایت اور اس کے بعد والی، یکی را شنیدم از پیران سربی سے شروع ہو کر آخر تک کی شرح ہے۔

نمبر : 2391

کتاب کا نام... :۔ چہل اسم

مصنف .... :۔ محمد رضا ابن محمد فاضل ابن شیخ اسد اللہ لاھوری غفر اللہ لہ

مہر ومالک.. :۔ (۱) ابو القاسم عرف قاسم میاں ولد میر احمد اللہ المعروف بسید چھوٹے صاحب مرحوم
(۲) حکیم مسامہ (کذا) صدیقی، احمد آباد ۱۳۳۹ھ

سائز........ :۔ 27.5x14.5 سطور ... :۔ 17

اوراق .... :۔ 53 کاتب .... :۔ -

تاریخ تصنیف :۔ ۱۰۸۰ھ خط .... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ فارسی موضوع :۔ دعائیں

آغاز........ :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی رسولہ محمد سید المرسلین وعلی آلہ الطیبین الطاھرین وعلی اصحابہ اجمعین۔ اما بعد۔ گوید المحتاج الی الباری فقیر محمد رضا ابن محمد فاضل ابن شیخ اسد اللہ لاھوری غفر اللہ لہ ولوالدیہ واحسن الیھما والیہ۔ این رسالہ است در بیان بعض دعوات اسماء عظام ونود ونہ نام وسورت فاتحہ.....

اختتام .... :۔ ...... اگر می آید یُقبَلُ مِن اَحَدِھِم مِلأُ الارض ای خداوند فال ہر اندیشہ کہ داری انجام بخوبی بر آید خاطر جمع کن، ہیچ تفرقہ و پریشانی پیش نیاید ومراد تو بخاطر خواہ بر آید انشاء اللہ

ترقیمہ .... :- -

حالت .... :- مکمل۔اچھی حالت میں ہے۔جلد بندی کی ضرورت ہے۔

نوٹ .... :- ورق ا سے ۳۵ تک رسالہ چہل اسم، ۳۵ سے ۳۷ تک قرآن مجید سے فال نکالنے کا طریقہ اور ورق ۴۱ سے ۵۳ تک کیمیای سعادت سے بزرگوں کی دعاؤں کے اسناد منقول ہیں۔اس میں کل ۱۵۰ اسناد شامل ہیں جن کو کلمہ کا عنوان دیا گیا ہے۔

نمبر : 2392

کتاب کا نام... :- **الرسالة فی بیان الخطب**

مصنف .... :- علّامہ مولانا علی بن سلطان محمد القاری الحنفی (۱۰۱۸ھ ۱۹ رشوال تکمیل کتاب بروز منگل)

مہر ومالک.. :- عبداللہ ولد صدیق الواعظ احمد آبادی

سائز............... :- 17.4x11.5 سطور ... :- 11

اوراق .... :- 33 کاتب .... :- -

تاریخ کتابت.. :- - خط .... :- نسخ

زبان .... :- عربی موضوع :- خطبات

آغاز............... :- الحمد لله الذى انزل القرآن وامحم به العرب العرباء من الفصحاء والخطباء والصلاة والسلام على امام الانبياء وقدوة الاولياء وعلى آله واصحابه واتباعه واحبابه بخدم الاقتداء للاهتداء

اختتام .... :- هذا ما حضرلى من خطب النبى صلى الله عليه وسلم واصحابه الكرام واتباعهاالعظام سبحان ربك رب العزة عمايصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين

ترقیمہ .... :- تمت الرسالة المباركة عصر يوم الثلاثا تاسع عشر شهر شوال المبارك سنة ثمانية عشر والف من الهجرة النبوية على يدافقر عبادالله الى ربه العلام الفقير محمد على بن عبد الله الحسينى الطبرى الامام بمقام ابراهيم الخليل بالمسجد الحرام بمكة المشرفة

حالت .... :- مکمل غیر مجلد

نوٹ .... :- یہ مختصر رسالہ ملاّ علی قاری کی تصنیف ہے جو خطبات کے بیان میں لکھا گیا ہے۔ اس رسالہ میں مصنفؒ نے حضور کے خطبات اور خطبات کی کیفیت کو بیان فرمایا ہے نیز خطبات کے باب میں صحابہ وتابعین کا عمل بھی قلم بند فرمایا ہے اور حدیث کی معتبر کتابیں ابوداؤد، بیہقی، ابن عساکر، مصنف ابن ابی شیبہ، حاکم، مسلم، نسائی، ابن ماجہ اور ترمذی وغیرھا کے حوالوں سے اپنی باتوں کو مدلل طور پر ثابت کیا ہے۔

نمبر : 2393

کتاب کا نام... :- **شفاء المرض (طب الشہابی) منظوم**

مصنف .... :- شہاب الدین ابن عبدالکریم

مہر ومالک.. :- -

سائز.............. :- 23x12.5 سطور ... :- 17

اوراق .... :- 88 کاتب .... :- عبدالقادر ابن محمد حنیف واعظ وذاکر

تاریخ کتابت :- ذی الحجہ ۱۱۹۶ھ/نومبر ۱۷۸۲ء

سال تصنیف :- ۷۹۰ھ / ۱۳۸۸ء خط .... :- نستعلیق

زبان .... :- فارسی موضوع :- طب

آغاز.............. :- توحید باری تعالیٰ۔ بسم اللہ۔

نخستین کنم نوک خامہ روان بتوحید پروردگار جھان

خداوند خلاّق ارض وسما کہ نے چشم دارد نہ جان ونہ جا

مبرّا از نسل است آن بے ولد صفاتش نگر قل ھو اللہ احد

اختتام .... :- زفضل خداوندو......... شہاب

مرتب شد ابواب ہذا الکتاب

ترقیمہ .... :- تم الکتاب المسمی بشفاء المرض المشہور باالطب الشہابی کاتبہ عبد القادر ابن محمد حنیف واعظ وذاکر بتاریخ نہم روز عرفہ از ماہ ذی الحجہ ۱۱۹۶ ہجری

حالت .... :- جلد ٹوٹ چکی ہے۔ مکمل نسخہ ہے اور بعض جگہ کرم خوردہ ہے۔

نوٹ .... :- تقریباً چھ سو سال پرانی اور طب کے موضوع پر لکھی گئی منظوم تصنیف کا اہم قلمی نسخہ ہے۔ یہ کتاب حمد باری تعالیٰ، نعت شریف کے علاوہ ایک سو ساٹھ (160) ابواب اور بارہ جزو پر مبنی ہے اور ہر طرح کے چھوٹے بڑے امراض کا علاج سلیس زبان میں سمجھایا گیا ہے۔ باب صد شست پنجم در کیفیت حال خویش میں لکھا گیا ہے کہ سلطان شہاب کے دور میں ناگور میں محمد ملک نامی ایک زمیندار تھے۔

اس کتاب کا ایک ناقص الطرفین قلمی نسخہ کتب خانۂ قریشی (لاہور) میں بھی محفوظ ہے۔ اس میں ۶۲ صفحات ہیں البتہ مصنف کا مکمل نام اس طرح درج ہے: شہاب الدین بن عبدالکریم قوام ناگوری۔ سال تصنیف شوال ۷۹۰ھ اور کتابت تیرھویں صدی ھجری کی بتائی گئی ہے۔ کتاب کا نام شفاء المرض لکھا ہے۔ (بحوالہٗ: کتابیات اسلامی، فہرست مخطوطات کتب خانہ قریشی، ڈاکٹر عارف نوشاھی، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور۔ ص:۱۳)

موجودہ نسخہ کے ورق a-۸۸ پر ترقیمہ کے بعد کاتب نے نثر میں چند اور مفید نسخے لکھے ہیں۔ مثلاً ترکیب کا جل، درد شکم، امراض چشم، یہ حصہ ناقص ہے۔ آج سے چھ سو سال پیشتر تصنیف شدہ یہ کتاب بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

درگاہ شریف حضرت پیر محمد شاہ کتاب خانہ میں اس کتاب کا ایک ناقص نسخہ طب شہابی کے نام اور صرف دس اوراق پر مبنی موجود ہے۔ ملاحظہ فرمایئے: نمبر 1821؛ وضاحتی فہرست جلد ششم۔

طب شہابی کے عنوان سے اسی کتاب کا ایک قلمی نسخہ کتاب خانۂ عمومی و آرشیو، پٹیالہ میں بھی موجود ہے۔ مصنف کا نام: شھاب الدین بن عبدالکریم غزنوی ناگوری بتایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو فہرست کتاب خانۂ عمومی و آرشیو، پٹیالہ نمبر ۲۶۔

نمبر : 2394-A

کتاب کا نام... :- **بیاض**

مصنف .... :- نامعلوم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 21.5x11 سطور ... :۔ متفرق

اوراق .... :۔ 101 کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط .... :۔ نستعلیق

زبان .... :۔ گوجری اردو۔فارسی موضوع :۔ متفرقات

آغاز................ :۔ ورق (۳) بسم اللہ۔ یار جائی یا منائی یا غیاتی یا مرادی یا معانی یا دوائی یا شفائی۔

ورق (۵): آن صفدر عالی نسب وآن سرور والاحسب

وآن عالم علم وادب وآن مفخر آل عبا

اختتام .... :۔ ورق (۱۰۱ب) رکھو دل میں کہ پیو جگ ہے تون غیر پیو سیں تائب ہو

وہی بینا وہی اندھا وہی سُنتا .... وہی بہرا

کہے میران کہ میں لالن میرا جلوا ہے ہر شئی میں

کہ میں پیو ہون پیا مین کہ مین پیو سین نہیں یارا

ترقیمہ .... :۔ -

حالت .... :۔ چرمی جلد اور اوراق بھی پھٹ گئے ہیں۔ جلد بندی کی ضرورت ہے۔قیمتی بیاض ہے۔

نوٹ .... :۔ اس بیاض میں ناظمؔ، رحمانؔ، مائلؔ اور حضرت پیر محمد شاہؒ کا منتخب کلام شامل ہے۔

مشمولات کی تفصیل حسبِ ذیل ہے :۔

(۱) ورق -۱۲ : رقعہ حضرت پیر محمد شاہؒ

(۲) ورق -۱۷ : غزل منصور

(۳) ورق -۱۸ : غزل عراقی

(۴) ورق -۲۲ : غزل سعدی

(۵) ورق ۲۳۔ب : شیخ سعدی۔امیر خسرو

(۶) ورق -۲۴ : غزل لطفی

(۷) ورق -۳۰ : غزل از سید محمد گیسودراز

(۸) ورق ۳۰-ب : غزل حسن

(۹) ورق -۳۱ : جامیؔ

(۱۰) ورق-۳۴-۳۸: رباعیات

(۱۱) ورق-۴۰ : گوجری اردو کلام

(۱۲) ورق-۴۱-ب: ادویہ

(۱۳) ورق-۴۲-۴۶: ناظم کا فارسی اور گوجری اردو کلام

(۱۴) ورق-۴۷ : میر غلام حسین کا نسخہ

(۱۵) ورق-۴۹ : چیستان (فارسی)

(۱۶) ورق-۴۹-۵۰: مکرنی (ھندی)

(۱۷) ورق-۵۱ : فردیات

(۱۸) ورق ۵۲ : ریختۂ رحمان

(۱۹) ورق ۵۳ : ریختہ مزاج پیو کے زلفوں سے کیوں نہ دل اٹکے

جس کی ہر لٹ میں ہیں کئیں لٹکے

(۲۰) ورق ۵۴ : کلام جانان- (گوجری اردو)

(۲۱) ورق ۵۶ : فرد۔ (فارسی) (اردو)

(۲۲) ورق ۵۷-۶۶: ادویات؛ تعویذات؛ نقش

(۲۳) ورق ۶۷ : نعت (گوجری اردو)

(۲۴) ورق ۶۸-۷۱: کلام مائل (گوجری اردو) کل بیس قطعات

(۲۵) ورق ۷۳ تا ۷۸: مدح حضرت شاہ وجیہ الدین قدس سرہ (۱۱۸۴ھ)

عجب ہیں اولیا حضرت میاں جی

ز نسل مصطفیٰ حضرت میاں جی

(۲۶) ورق ۷۹ : نسخہ ادویات

(۲۷) ورق ۸۰-۸۳: نصیحت میاں رحمت اللہ

(۲۸) ورق-۸۴-۸۸ : قصۂ فاختہ و باز

(۲۹) ورق-۹۲-ب: ادویات

(۳۰) ورق-۹۸-۹۹: ریختۂ حضرت شاہ پیر محمدؒ

(۳۱) ورق-۹۹-ب-۱۰۱: ریختہ میران

نمبر : 2394-B

کتاب کا نام... :۔ بیاض

مصنف .... :۔ -

مہر ومالک.. :۔ محمد خوب

سائز............... :۔ 11x24.2 سطور ... :۔ مختلف

اوراق .... :۔ 44 کاتب .... :۔ -

تاریخِ کتابت.. :۔ - خط .... :۔ نسخ

زبان .... :۔ عربی-فارسی موضوع :۔ متفرقات

آغاز............... :۔ رباعی: ہر کرانا کس است با صل سرشت

بتقالیب ہر کس ...... نشود

سگ مگس را گر کنی مقلوب

قلب او غیر سگ مگس نشود

اختتام .... :۔ یا غوث الاعظم لاصلوة لمن لیس له معراج عندی، یا غوث الاعظم المحروم عن المعراج هو المحروم عن الصلوة عندی


ترقیمه .... :۔ تم ضحی ۹ ربیع الثانی سنہ ۱۰۶۶ھ

حالت .... :۔ خوش خط۔ اوراق الگ الگ اور درمیان میں سے غائب ہیں۔ چند اوراق سادہ ہیں۔

نوٹ .... :۔ اس بیاض میں چند قابل توجہ تحریرات ہیں۔ ورق ۱۳ پر عربی رسالے کا مقابلہ اور تصحیح کرنے والے نے اپنا نام ابی بکر احمد آبادی عفی عنہ، مقام شاھجہاں آباد، اور تاریخ ۴ ذی القعدہ سنہ ۱۱۲۸ھ درج کی ہے۔


ورق 16-b پر ختم ہونے والے عربی رسالے کا نام المعلم الثانی لکھا ہے جو فلسفہ کے موضوع پر معلوم ہوتا ہے۔

ورق 17-b پر عقل کے موضوع پر یونانی فلسفی ارسطو طالیس اور اسحٰق بن حنین کی آراء نقل کی ہیں۔




مدح حضرت شاہ وجیہ الدین قدس سرہ (سال تصنیف: ۱۱۸۴ھ/۱۷۷۰ء)

No. 2394-A




ریختۂ حضرت پیر محمد شاہؒ

No. 2394-B



No. 2343 — نقایۃ الاثر شرح خلاصۃ سیر سید البشر



No. 2394-C — مولانا خوب میاں کی سال ولادت کا قطعہ

ایک طویل عربی رسالہ ورق 20 سے لے کر ورق 41 تک پھیلا ہوا ہے جس کا موضوع الٰہیات ہے۔

ورق 43-a سے 44-b تک حضرت غوث اعظمؒ کا مکالمہ منقول ہے۔

نمبر : 2394-C

کتاب کا نام... :۔ **بیاض**

مصنف .... :۔ جامع : محمد رضا بن غلام محمد بن احمد بن سلیمان

مہر و مالک.. :۔ محمد خوب

سائز............. :۔ 12.5x23 سطور ... :۔ مختلف

اوراق .... :۔ 192 کاتب .... :۔ محمد رضا

تاریخ کتابت.. :۔ صفر، ۱۱۴۰ھ خط .... :۔ نسخ و نستعلیق

زبان .... :۔ عربی و فارسی موضوع :۔ احادیث

آغاز.............. :۔ ذکر مولانا الشیخ ابوبکر سلمه الله تعالى الى يوم الحشر فی شرح خلاصة السير وُلد رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة عام الفيل وكان قدوم الفيل يوم الاحد لثلث عشرة ليلة بقيت من المحرم

اختتام .... :۔ بیت : دریں ایام راحت گر ترا ہست اگر سعی کنی سودی ترا ہست
بگیر این پند ای حاجی پر عصیان اگر خواھی کہ این دولت ترا ہست
تصنیف مولوی شمس الدین لقب حاجی میاں احمد آباد۔

ترقیمہ .... :۔ –

حالت .... :۔ اوراق سیئے ہوئے ہیں۔ مجلد نہیں ہیں۔ اچھی حالت میں ہے۔

نوٹ .... :۔ بیاض کے چند اہم موضوعات حسب ذیل ہیں۔

(۱) ورق 1-b : رسول اللہ کی ولادت کے باب میں خلاصۃ السیر کی شرح میں مولانا شیخ ابوبکر کا بیان۔

(۲) ورق 2-a : مُہر : محمد خوب

(۳) 2-b : بیان فی نسب السادہ الاشراف بنوعلوی

(۴) 9-a : مہر، محمد خوب

(۵) 13-a : صلوۃ الوسطی

(٦) 13-b : فی تعین لیلۃ القدر (مع اقتباس مولانا سلیمان از مفتاح الاصول)

(۷) 22-a : فی معرفۃ اقسام البدعۃ (جوامع الکلم سے نقل)

(۸) 24-b : کیفیت خواب (اقتباس از مولانا سلیمان)

(۹) 26-a : فی الولایۃ والولی۔ (فارسی)

(۱۰) 45-a : کتابۃ الحدیث فی بیان الآداب

(۱۱) 56-b : فی بیان ان الیمین علی نیۃ المستحلف

(۱۲) 65-a : حقیقت سوال وجواب در نفی واثبات

(۱۳) 70-b : معما باسم امامی

(۱۴) 71-a سے 74-b : رسالہ فی تحقیق الایمان۔ مؤلف حضرت شیخ وجیہ الدین علویؒ

(۱۵) 75-a : از بیاض قاضی القضاۃ قاضی عبداللہ

(۱٦) 76-a : اقتباس از مولانا عبدالغفور

(۱۷) 79-a سے 82-b : عجایب البلاد (شیخ زکریا بن محمد بن محمود القزوینی) اقتباس

(۱۸) 81-a : تحقیق لفظ اکراد (واحد: کُرد مؤلف محمد رضا بن غلام محمد بن احمد بن سلیمان)

(۱۹) 87-a : ترتیب صلوۃ معکوس

(۲۰) 93-b سے 95-b : من مسودات شیخ وجیہ الدین ق س

(۲۱) 98-b : مخمس (عربی) شمس بن عماد

(۲۲) 98-b : مخمس (عربی) شمس بن عماد

(۲۳) 99-a : مناجات امیر المومنین سیدنا حسنؓ (نقل من خط مولانا الشیخ شریف الصدیقی ق س)

(۲۴) 100-a سے 101-a : من املاء الفاضل المتبحر قاضی عیسیٰ بن عبدالرحیم ق س: ۱۱۴۰ھ

(۲۵) 101-a : ذکر کفارہ نمازھا

(۲٦) 102-b : مولانا خلیل محمد البنبانی کا نام

(۲۷) 104-a : اتحاف الفرقہ برفعہ الخرقہ للجلال (الدین) السیوطی

(۲۸) 104-b سے 105-a : رسالہ اقرب الطریق۔ (تمت الرسالہ فی ۳ صفر ۱۱۴۰ھ علی ید الفقیر محمد رضا عفی عنہ (مؤلف حضرت علی متقی)

(۲۹) 105-a : رسالہ النصیحۃ التامہ للخاصۃ والعامۃ (مؤلف: حضرت علی متقی) نایاب رسالہ یہ رسالہ ردِ مہدویت کے موضوع پر ہے۔ حضرت پیر محمد شاہ کتاب خانہ میں نمبر B-1757 پر محفوظ رسالہ علامات امام مہدی موجودہ رسالے سے الگ ہے۔ موجودہ رسالہ نایاب ہے۔

(۳۰) 105-b : حضرت شاہ وجیہ الدین کے تلمیذ مولانا مصطفیٰ کا ذکر۔

(۳۱) 106-a سے 107-a : اذکار (من تلقینات قطب المشائخ صدر الدین ابو الفتح محمد الخاطب بہ گیسو دراز قدس سرہ) علی ید الفقیر محمد رضا، صفر ۱۱۴۰ھ۔

(۳۲) 107-b : رسالۃ الامام النووی فی تجویز القیام المتعارف

(۳۳) 109-a : رسالہ کشف الریب عن الجیب تالیف الشیخ جلال الدین السیوطیؒ (نقل محمد رضا ۱۱۴۰ھ)

(۳۴) 110-b : قصیدہ منسوبۃ الی الشیخ ابن الحاجبؒ فی ذکر الموئنات السماعیۃ مع فائدہ فارسی من خط مولانا مصطفیٰ تلمیذ شاہ وجیہ الدین

(۳۵) 112-a : مسودۂ ملاحسن فراغی کہ بر مشکوۃ نوشتہ اند۔

(۳۶) 113-a : رسالہ منسوبۃ الی الفاضل المحقق قاضی عیسی قدس سرہ فی بیان جواز الانتقال من مذہب الی مذہب آخر (عیسی بن عبد الرحیم بن عیسی بن محمد)

(۳۷) 115-a : رسالہ منسوبہ الی مولانا احمد بن سلیمان (فی باب العدت حاملہ)

(۳۸) 117-a : رسالہ تحقیق الکلام از حضرت شاہ وجیہ الدین

(۳۹) 129-a : ترجمۂ مصنف کتاب الاستعیاب ابوعمر و یوسف بن عبد اللہ القرطبی۔

